سوال

(577) عقیقہ کے جانور کی شروط؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قربانی کے جانور اور عقیقہ کے جانور دونوں کی شرطیں ایک جیسی ہیں یا مختلف ہیں؟ قرآن و حدیث کی روشنی میں جواب دے کر عنداللہ ماجور ہوں۔ (محمد رمضان آزاد پھانگا مانگا۔ قصور) (۱۲اگست،۱۹۹۴ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عقیقہ کے جانور میں شروط کی تصریح کسی حدیث میں موجود نہیں۔ البتہ حدیث میں لفظ (مُكَافِئَتَانِ 'سنن الترمذی، بَابُ مَا جَاءَ فِي العَقِيقَةِ، رقم: ۱۵۱۳) وارد ہوا ہے۔

اس سے بعض اہل علم نے یہ سمجھا ہے کہ اس میں شروط قربانی جیسی ہونی چاہئیں۔ احتیاط کا تقاضا یہی ہے کہ اس میں شروط قربانی جیسی ہوں۔ ہمارے شیخ محدث روپڑی رحمہ اللہ نے بھی اسی بات کو اختیار کیا ہے۔ ملاحظہ ہو (فتاویٰ اہل حدیث جلد دوم، ص: ۳۰۷،۳۰۶)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 434

محدث فتویٰ